# ثانوی و اعلیٰ ثانوی تعلیمی بورڈ ملتان۔

نمبر۔ 1436/اے ایس (جنرل)
مورخہ : 30-09-2022
فون نمبر: 061-9210019

بجانب: سربراہان،

گورنمنٹ / الحاق شدہ/ کمیونٹی/ کالجز/ ہائر سیکنڈری سکولز، حدود ملتان بورڈ۔

عنوان: **انرولمنٹ شیڈول برائے گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) برائے تعلیمی سیشن 2022-2024**

آپ کی اطلاع کے لیے تحریر ہے کہ گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) میں انرولمنٹ کے لیے بورڈ ہذا نے درج ذیل شیڈول وطریقہ کار طے کیا ہے۔ شیڈول کو بغور پڑھ کر انرولمنٹ کا کام مکمل کریں۔

| Sr. No. | Schedule | Last dates of Enrollment in Educational Institutions, data entry of online Enrollment and submission of original computerized Fee Challan after depositing fee, hard copy of On-line Enrollment Return, Revenue Form & hard copy of Forwarding letter in the Board. |
|---|---|---|
| (i) | Enrollment in Class-XI without late fee. | 10-09-2022 to 24-10-2022 |
| (ii) | Enrollment in Class-XI with late fee of Rs.500/- per student (payable to Board). | 25-10-2022 to 08-11-2022 |
| (iii) | Enrollment Fee. | Rs.1000/- per student |
| (iv) | Processing+Sports+ Scholarship Fee + Development Fund. | Rs.1180/- per student |
| (v) | میٹرک کا نتیجہ دیر سے نکلنے کی صورت میں | تاریخ اشاعت نتیجہ کے 15 یوم کے اندر انرولمنٹ ریٹرن جمع کرانے کے پابند ہونگے |

## شرح فیس

| | |
|---|---|
| انرولمنٹ فیس | -/1000 روپے + -/1180 روپے پراسیسنگ فیس کل -/2180 روپے فی امیدوار |

## ہدایات برائے داخلہ

آن لائن انرولمنٹ کے لیے ملتان بورڈ کی website مورخہ 23-11.2022 تک کھلی رہے گی۔

1 آن لائن انرولمنٹ کے بعد کمپیوٹرائز فیس چالان فارم، کمپیوٹرائز ریٹرن کی ہارڈ کاپی، کمپیوٹرائز فارورڈنگ لیٹر شیڈول کے مطابق دی گئی تواریخ تک دفتر جمع کروانا لازمی ہوگا۔ نیز مینوئل ریٹرن یا مینوئل فیس چالان فارم قابلِ قبول نہ ہوں گے۔ تاہم خاص وجوہات کی بناء پر کوئی طالب علم / طالبہ مزید لیٹ فیس کے ساتھ آخری تاریخ کے 15 ایام (23-11.2022) تک لیٹ ایڈمشن فیس مبلغ -/1000 روپے بمعہ انرولمنٹ و پراسیسنگ وغیرہ فیس مبلغ -/2680 روپے (ٹوٹل مبلغ -/3680 روپے) فی طالب علم انرولمنٹ کرواسکتا ہے۔

2 کالج میں داخلہ کے وقت بوگس رزلٹ کارڈ / سند وغیرہ پر داخلہ دینے والا ادارہ خود ذمہ دار ہوگا۔ نیز کمبائنڈ امتحان دینے کے بعد امیدوار پارٹ فرسٹ میں دوبارہ داخلہ کا اہل نہ ہوگا اور ایک ہی وقت میں دو کالجوں میں داخلہ کی اجازت نہ ہوگی۔

3 مقررہ تاریخ کے بعد موصولہ ریٹرن پر جرمانہ۔

شیڈول ہذا میں درج ضروری ہدایات کے مطالعہ کے بغیر انرولمنٹ کوائف آن لائن نہ کریں۔ آن لائن انرولمنٹ سے متعلقہ تمام ضروری رہنمائی بورڈ کی ویب سائٹ www.bisemultan.edu.pk پر دستیاب ہے۔ درج بالا دی گئی تواریخ پر سختی سے عمل کیا جائے۔ آن لائن انرولمنٹ کی ہارڈ کاپی اور آن لائن کمپیوٹرائزڈ فیس چالان بروقت بورڈ آفس میں جمع نہ کرانے کی صورت میں آخری تاریخ کے بعد متعلقہ ادارہ کو یومیہ -/500 روپے جرمانہ ادا کرنا ہوگا۔ یہ جرمانہ ناقابل معافی ہوگا اور نہ ہی اس بارے میں اپیل کی جاسکے گی۔ نیز چیک اور مینوئل فیس چالان فارم کسی بھی صورت قابل قبول نہ ہوگا۔

**ضروری نوٹ:۔ دیگر بورڈز سے میٹرک کا امتحان پاس کرنے والے طلباء / طالبات کا اصل N.O.C. انرولمنٹ ریٹرن کے ساتھ ضرور ارسال کریں بصورت دیگر انرولمنٹ نمبر جاری نہ ہوگا۔**

4 **پارٹ فرسٹ میں دوبارہ داخلہ (Re-Admission)**

ادارے کے سربراہان سابقہ 3 سال کے فرسٹ ایئر کا امتحان کسی مضمون میں فیل/ غیر حاضر ہونے والے طلباء/ طالبات کو فرسٹ ایئر میں ری ایڈمشن Re-Admission کرنے کے مجاز ہوں گے۔ جبکہ پارٹ فرسٹ امتحان سالانہ 2022ء میں پاس ہونے والے امیدواران اپنا فرسٹ ایئر کا نتیجہ شائع ہونے کے 15۔ایام کے اندر بورڈ کی متعلقہ امتحانی برانچ سے منسوخ کروا کر اپنے متعلقہ ادارے سے اپنے کوائف آن لائن کرکے ہارڈ کاپی دفتر ہذا میں جمع کروانے کے پابند ہوں گے۔دوبارہ داخلہ کے لیے تبدیلی گروپ/مضمون وکالج پر کوئی پابندی نہ ہے۔تاخیر کی صورت میں حسب ضابطہ جرمانہ کی ادائیگی کرنا ہوگی۔ نیز ری ایڈمشن Re-Admission کی اجازت صرف ایک بار ہوگی۔(ری ایڈمشن Re-Admission فیس مبلغ-/1845 روپے فی طالب علم/طالبہ واجب الادا ہوگی جو تمام گورنمنٹ اور الحاق شدہ اداروں پر لاگو ہوگی۔

5 **کوائف کی درستی۔**

آن لائن انرولمنٹ ریٹرن میں طلباء/طالبات کے کوائف نام، ولدیت کے ہجے (Spelling)، مضامین مکمل اور درست لکھے جائیں اور ریٹرن کی ہارڈ کاپی کا پروف نکال کر جمع کروانے سے قبل اچھی طرح سے چیک کرلیں تاکہ کسی ایک کی تصویر دوسرے پر نہ لگ جائے۔

6 **ریٹرن میں درستی کا طریقہ کار اور جرمانہ کی ادائیگی۔**

آن لائن انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی میں طلباء وطالبات کا نام، ولدیت سیکنڈری سکول کے پاس کردہ رزلٹ کارڈ/سرٹیفکیٹ کے مطابق تحریر کریں۔انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی میں درج نام، ولدیت، تاریخ داخلہ غلط اندراج کرنے یا اندراج نہ کرنے کی صورت میں ادارہ کا سربراہ ذمہ دار ہوگا۔انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ہر صفحہ پر سربراہ ادارہ کے دستخط و مہر ثبت ہونا ضروری ہے۔بصورت دیگر مبلغ-/750 روپے فی غلطی کے حساب سے جرمانہ کی ادائیگی کرنا ہوگی۔انرولمنٹ ریٹرن میں طلباء وطالبات کے نام ولدیت میں درستگی انٹر پارٹ کے رزلٹ شائع ہونے سے پہلے کی جاسکے گی۔انٹر پارٹ فرسٹ کا نتیجہ شائع ہونے کے بعد درستی بورڈ کی طرف سے قائم کردہ مجوزہ کمیٹی کرے گی۔

7 **مضامین / گروپ اور تصویر کی درستی**

داخل شدہ طلباء/ طالبات اپنے ادارے کے سربراہ کی وساطت سے امتحانی داخلہ شیڈول کی تاریخ شروع ہونے تک مبلغ-/2000 روپے فیس فی مضمون اور مبلغ-/2500 روپے فیس ادائیگی کے ساتھ گروپ تبدیلی/درستگی کروائی جاسکتی ہے۔انرولمنٹ ریٹرن میں درستگی/تبدیلی مضمون/گروپ بذریعہ آن لائن کرکے فیس ادائیگی کے بعد درستگی فارم ارسال کیا جائے۔تاہم مینوئل درستگی کی درخواست قابلِ قبول نہ ہوگی۔امتحانی داخلہ شیڈول کے شروع ہونے سے مضامین/گروپ کی درستگی امتحانی برانچ (انٹر) سے ہوگی انرولمنٹ ریٹرن میں غلط سکین شدہ تصویر یا بالکل نہ ہونے کی صورت میں فیس مبلغ-/1050 روپے ہوگی۔انرولمنٹ ریٹرن میں طلباء وطالبات کی تصویر درستی انٹر پارٹ فرسٹ کے امتحان شروع ہونے سے قبل تک کی جاسکے گی۔امتحان شروع ہونے کے بعد اور انٹر پارٹ فرسٹ کا رزلٹ شائع ہونے سے پہلے تصویر کی درستی انٹر برانچ کرے گی۔جبکہ انٹر پارٹ فرسٹ کے رزلٹ شائع ہونے کے بعد تصویر کی درستی شعبہ ڈسپلن بذریعہ ڈسپلن کمیٹی کرے گی۔

8 انرولمنٹ ریٹرن کی ہارڈ کاپی کے ساتھ مجوزہ ترسیلی فارم (Forwarding letter) و آن لائن کمپیوٹرائزڈ بنک چالان ارسال کرنا ضروری ہے۔ ادارہ جات کا ای میل ایڈریس، فون نمبر/موبائل نمبر بھی ضرور آن لائن سسٹم میں فیڈ کریں۔

9 **دوسرے بورڈز کی علاقائی حدود سے آنے والے طلباء وطالبات کا داخلہ**

ایسے طلباء وطالبات جو دوسرے بورڈز میں پارٹ فرسٹ/ پارٹ سیکنڈ میں زیر تعلیم ہوں وہ متعلقہ بورڈ سے NOC لے کر ہائیر سیکنڈری یا کالج چھوڑنے کی تاریخ سے 45 ایام کے اندر داخلہ لے کر ریٹرن بھی جمع کرانے کے پابند ہیں ایسے طلباء وطالبات کے انرولمنٹ فارم اصل NOC، کالج چھوڑنے کا سرٹیفکیٹ، پارٹ فرسٹ کا رزلٹ کارڈ، میٹرک کا رزلٹ کارڈ، چالان فارم و فارورڈنگ لیٹر اور انرولمنٹ فیس کے چالان کی اصل رسید بورڈ میں جمع کروانی ہوگی تاخیر کی صورت میں یومیہ-/500 روپے کے حساب سے جرمانہ کے ساتھ انرولمنٹ فارم جمع کرواناہوگا۔ نیز ان کی انرولمنٹ دوسرے ریگولر طلباء کے ساتھ نہ بھیجی جائے بلکہ علیحدہ ہی بھیجی جائے۔ نامکمل کوائف کے ساتھ بھیجی جانے والی ریٹرن ناقابلِ قبول ہوگی۔

10 ایسے طلباء وطالبات جنہوں نے جی سی ای او لیول (G.C.E O Level) کا امتحان پاس کیا ہو پرنسپل کو چاہیے کہ ان کا داخلہ انٹر بورڈ کمیٹی آف چیئرمین اسلام آباد کی طرف سے جاری کردہ مساوی سرٹیفکیٹ (Equivalence Certificate) اور مارکس شیٹ کالج کو فراہم کرنے پر ہی کرے۔ نیز اس کے ساتھ ادا کردہ انرولمنٹ فیس کا اصل بنک چالان مساوی سرٹیفکیٹ (آئی بی سی سی سے تصدیق شدہ فوٹو کاپی) اور پاس کردہ امتحانات کی مارکس شیٹ کی فوٹو کاپیاں، مالیاتی فارم اور پرنسپل کا فارورڈنگ لیٹر منسلک کریں۔ جو طلباء طالبات موجودہ سال 2022 جی سی ای او لیول کے امتحان اکتوبر/نومبر میں شرکت کریں گے۔وہ طلباء طالبات گیارہویں جماعت (فرسٹ ایئر) میں داخلے کے اہل نہ ہوں گے۔

11 بورڈ سے الحاق شدہ ادارے آخری تجدید شدہ سرٹیفکیٹ برائے الحاق کی نقل انرولمنٹ ریٹرن کے ساتھ ضرور منسلک کریں۔بصورتِ دیگر ریٹرن وصول نہیں کی جائے گی۔

12 حکومتِ پنجاب کی ہدایت کے مطابق سابقہ پانچ سال کے میٹرک پاس طلباء/طالبات کو گیارہویں جماعت میں داخلہ دیا جاسکتا ہے ایسے طلباء/ طالبات کو داخلہ دینے کے سلسلہ میں حکومتِ پنجاب کی داخلہ پالیسی کے لیٹر نمبر SO(C.A)1-28/2015 مورخہ 20.07.2016 کے تحت کالج کونسل کیس کا جائزہ لے کر اپنی سفارشات پرنسپل کے ذریعے چیئرمین بورڈ کو منظوری کے لیے بھیجے گی۔اگر چیئرمین نے منظوری دے دی تو داخلہ ہوگا ورنہ داخلہ نہیں کیا جائے گا۔ایسے کیسز کی انرولمنٹ بھی علیحدہ سے کرانا ہوگی۔تاہم اس ضمن میں داخلہ شیڈول پیش نظر رکھا جائے۔اس بابت بیانِ حلفی دینا ہوگا کہ اس نے قبل ازیں کسی بھی ادارہ میں بطور ریگولر داخلہ نہ لیا ہے (کالج کونسل پرمیشن فیس مبلغ -/2000 روپے اور انرولمنٹ پراسیسنگ فیس وغیرہ مبلغ 2180 روپے)۔ٹوٹل فیس-/4180 روپے فی طالب علم/طالبہ واجب الادا ہوگی - میٹرک سالانہ امتحان 2017 تا میٹرک ضمنی امتحان 2021 تک کے پاس شدہ طلباء وطالبات داخلے کے اہل ہیں۔

## 13 کالج ٹو کالج مائیگریشن۔

ایسے طلباء وطالبات جو کسی دوسرے کالج میں مائیگریشن کروانا چاہتے ہوں ان کا فارم برائے تبدیلی کالج انرولمنٹ ریٹرن دفتر میں جمع کروانے کے 45 ایام کے بعد منظوری کے لیے ارسال کریں۔ آن لائن مائیگریشن فارم متعلقہ کالج سے نکلوا کر دفتر میں جمع کرائیں۔۔ مائیگریشن کی اجازت امتحانی داخلہ شیڈول کی ڈبل فیس کی آخری تاریخ تک ہوگی۔ بیرون تحصیل مائیگریشن فیس مبلغ/-3000 روپے ہے۔ اور اندرون تحصیل مائیگریشن فیس مبلغ/-7500 روپے ہے۔ (نیز مائیگریشن کروانے کے سلسلے میں بورڈ کی طرف سے قائم کردہ سہولت مرکز سے رابطہ کریں)۔

## 14 آن لائن ڈیٹا کی منسوخی

اگر کوئی طالب علم اپنا آن لائن ڈیٹا کسی ادارہ سے منسوخ کروانا چاہتا ہے تو آن لائن انرولمنٹ کی آخری تاریخ تک درخواست بمعہ مبلغ/-500 روپے منسوخی فیس کے ساتھ دفتر ہذا کو ارسال کرسکتا ہے۔ یہ سہولت صرف ایک ہی دفعہ میسر ہوگی۔ اس کے بعد طالب علم کو قواعد کے مطابق مائیگریشن کروانا ہوگی۔

## 15 Translation of Holy Quran

(1) The Punjab compulsory teaching of Holy Quran (Amendment) Bill 2021

Passsed by the Provincial Assembly of Punjab on May 18,2021.

(2) Punjab Curriculum and Textbook Board Letter No M-48-57(A)/PSMD dated 09-12-2021

(3) PBCC Meeting منعقدہ 13-12-2021 آئٹم نمبر 7 اور

(4) In aticipation approval of BISE Multan کی روشنی میں 11th اور 12th کلاسز میں ترجمہ قرآن as a separate compulsory subject کے طور پر introduce کرایا گیا ہے۔ لہذا اپنے تعلیمی ادارہ میں انرول ہونے والے 11th کلاس کے طلبا و طالبات کو Punjab Text Book Board کی ویب سائیٹ https://petb.punjab .gov.pk پر availabe curriculum کے مطابق قران مجید کے ترجمہ کی تدریس شروع کروائیں۔ امسال 11th کلاس میں انرول ہونے والے طلباء طالبات کا Translation of Holy Quran کا امتحان انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2023 میں ہوگا۔ غیر مسلم امیدوارن Translation of Holy Quran کے متبادل Ethics اور Islamic Education کے متبادل Religious Education کا امتحان دیں گے۔

## 16 میٹرک دوسرا سالانہ امتحان 2022ء کے رزلٹ کی بنیاد پر داخلہ

میٹرک دوسرا سالانہ امتحان 2022ء کے نتائج کے اجراء کے 15 ایام کے اندر میٹرک پاس کرنے والے طلباء وطالبات کو انٹر پارٹ فرسٹ میں حسب ضابطہ داخل کیا جاسکتا ہے۔ داخلہ کے 10 ایام کے اندر انرولمنٹ ریٹرن دفتر ہذا میں پہنچ جانا ضروری ہے تاخیر کی صورت میں جرمانہ کی ادائیگی کرنا ہوگی۔ جس کا باقاعدہ شیڈول بذریعہ پریس ریلیز جاری کیا جائے گا۔

## 17 انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کرنے کے بعد اضافی مضمون میں ریگولر داخلہ

انٹرمیڈیٹ سالانہ امتحان 2022 کے نتائج کے اجراء کے 15 ایام کے اندر انٹرمیڈیٹ کا امتحان پاس کرنے والے طلباء طالبات کو عملی امتحان والے مضمون میں بطور اضافی مضمون حسب ضابطہ داخل کیا جاسکتا ہے۔ داخلہ کے 10 ایام کے اندر انرولمنٹ ریٹرن دفتر ہذا میں پہنچ جانا ضروری ہے۔ سابقہ سالوں کے پاس شدہ انٹرمیڈیٹ امتحان کے طلبا وطالبات کو سربراہ ادرہ کو بیان حلفی دینا ہوگا۔ کہ اس نے انٹرمیڈیٹ امتحان پاس کرنے کے بعد اعلیٰ تعلیم حاصل نہ کی ہے۔

نوٹ: تمام الحاق شدہ ادارہ جات کے سربراہان کو ہدایت کی جاتی ہے کہ متعلقہ مضمون میں جن اساتذہ کرام کا انٹر کلاسز میں پڑھانے کا تجربہ 2 سال سے زائد ہے اُن کے سٹاف سٹیٹمنٹ مکمل کوائف کے ساتھ آن لائن کر کے ہارڈ کاپی (کنٹرولر امتحانات، BISE ملتان) کے ایڈریس پر ہر صورت بھجوائیں۔

Sept. 30, 2022

(خرم شہزاد اسلم قریشی)
سیکرٹری

کاپی برائے اطلاع:۔

1۔ پی ایس برائے چیئرمین۔
2۔ پی اے برائے سیکرٹری / کنٹرولر امتحانات
3۔ چیف ایگزیکٹو آفیسرز (ایجوکیشن) حدود ملتان بورڈ۔
4۔ سیکرٹریز جملہ پنجاب بورڈز۔
5۔ جملہ آفیسران بورڈ ہذا۔
6۔ ڈائریکٹر آف ایجوکیشن (کالجز)، ملتان ڈویژن، ملتان۔
7۔ سسٹم اینالسٹ (برائے اپ لوڈ ویب سائیٹ)
8۔ جناب پبلک ریلیشنز آفیسر (برائے تشہیر اخبارات)

اسسٹنٹ سیکرٹری (جنرل)
برائے سیکرٹری